جوؤں کے خاتمے اور روک تھام میں والد/والدہ یا سرپرست کی ذمہ داریاں

______آپ کے بچے کے سر میں جوئیں چلتی دیکھی گئی تھیں۔ جوؤں کے خاتمے اور جوؤں کو سر میں واپس آنے سے روکنے میں والدین یا سرپرستوں کا اہم کردار ہے۔ Fairfax) FCHD کاؤنٹی محکمۂ صحت) کی ویب سائٹ پر موجود جُوں کی تفصیل کے لیے کتابچہ ملاحظہ کریں۔ https://www.fairfaxcounty.gov/health/schools

______گھر میں ہر ایک کے بال اچھی طرح دیکھیں، چاہے ان میں خارش جیسی جوؤں کی علامات ظاہر نہ بھی ہوں۔ کسی کو کہیں کہ وہ آپ کے بال بھی دیکھے!

______وفاقی انتظامیہ برائے خوراک و ادویات (Food and Drug Administration (FDA)) کی جانب سے منظور شدہ اینٹی لائس ٹریٹمنٹ صرف ان لوگوں کے لیے استعمال کیا جانا چاہیئے، جن کے سروں میں جوئیں چلتی پائی جاتی ہیں۔ دو سال سے کم عمر کے بچوں اور حاملہ یا دودھ پلانے والی خواتین کے لیے، براہ کرم علاج کے مشورے کے لیے اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کار سے مشورہ کریں۔

______پہلے صفائی کے عمل کے بعد، اسکول کے ہیلتھ روم سے جوؤں کے خاتمے کا تصدیقی فارم مکمل کریں۔ ان کی واپسی پر اپنے بچے کے اسکول کے ہیلتھ روم میں فارم واپس کریں۔

______ اپنے بچے کے قریبی رابطوں کے والد/والدہ/سرپرست کو مطلع کریں کہ آپ کے بچے کے سر میں جوئیں ہیں۔

______(کم از کم 20 منٹ کے لیے) گرم پانی اور گرم ڈرائرز کا استعمال کرتے ہوئے لباس، بستر، اور روئی سے بنے کھلونوں کو صاف کریں۔ جن اشیاء کو دھویا نہیں جا سکتا، انہیں پلاسٹک کے تھیلے میں 14 دن کے لیے بند کر کے رکھ دینا چاہیئے۔

______قالین، گدوں اور گاڑی کی سیٹوں کو ویکیوم سے صاف کریں۔ اپنے گھر کے اندر کسی بھی کیڑے مار ادویات کا استعمال نہ کریں۔

______اپنے گھر میں استعمال ہونے والی تمام کنگھیوں اور برشوں کو جراثیم سے پاک کریں اور پھر انہیں روزانہ گرم پانی سے دھوئیں۔ FDA سے منظور شدہ اینٹی لائس شیمپو میں کنگھیوں اور برشوں کو 1 گھنٹے تک بھگو کر یا 5-10 منٹ تک پانی میں اُبال کر جراثیم کشی کا عمل انجام دیا جاتا ہے۔

______پہلی مرتبہ اپنے بچے کا سر باکس یا لیبل پر دی گئی ہدایات کے مطابق صاف کرنے کے بعد صفائی کا یہی عمل دہرائیں۔ اپنے بچے کے اسکول کے ہیلتھ روم میں جوؤں کے خاتمے کا دوسرا تصدیقی فارم واپس کریں۔

______پہلے علاج کے بعد 14 دن تک **روزانہ** اپنے بچے کے بالوں کو جوؤں کے انڈے (یعنی لیکھ) والی کنگھی کے ساتھ اچھی طرح دیکھیں اور کنگھی کریں تاکہ لیکھوں کو دور کیا جا سکے۔

______کم از کم 2-3 ہفتوں تک ہر 2-3 دن بعد اپنے بچے کا سر مسلسل دیکھتے رہیں۔

______اگر تمام مراحل پر عمل کرنے کے باوجود بھی آپ کے بچے کے سر میں جوئیں چلتی پائی جائیں، تو مشورے کے لیے اپنی نگہداشتِ صحت کے فراہم کار سے رابطہ کریں۔

______علاج کے تمام مراحل پر عمل پیرا ہونے میں اپنی مدد کے لیے جوؤں کے خاتمے کا کیلنڈر استعمال کریں۔

جوؤں کے خاتمے کا کیلنڈر

دن 1	دن 2	دن 3	دن 4	دن 5	دن 6	دن 7
1. FDA سے منظور شدہ اینٹی لائس ٹریٹمنٹ کا استعمال کریں۔ پراڈکٹ کے لیبل پر دی گئی ہدایات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہوں۔ 2. لباس، بستر اور روئی سے بنے کھلونوں کو دھوئیں۔ وہ اشیاء جو دھوئی نہیں جا سکتیں، انہیں 14 دنوں کے لیے پلاسٹک کے تھیلے میں مضبوطی سے بند کر کے رکھ دیں۔ 3. قریبی رابطوں کو مطلع کریں۔ 4. اپنے بچے کے اسکول کے ہیلتھ روم سے جوؤں کے خاتمے کی تصدیق کا فارم حاصل کریں۔ خاتمہ ہو جانے پر فارم مکمل کریں۔	اپنے بچے کے اسکول کے ہیلتھ روم میں جوؤں کے خاتمے کا مکمل کردہ تصدیقی فارم واپس کریں۔ اپنے بچے کے بالوں کو کسی بھی قسم کے شیمپو سے نہ دھوئیں۔ اپنے بچے کے بالوں کو گیلا کریں اور بالوں کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کریں۔ جوؤں کے انڈے (لیکھ) والی کنگھی کا استعمال کریں اور اپنے بچے کے پورے سر میں کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ گزشتہ روز کی ہدایات پر عمل کریں اور بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔
دن 8	**دن 9**	**دن 10**	**دن 11**	**دن 12**	**دن 13**	**دن 14**
اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔ -	**ابتدائی صفائی کے 9-10 دن بعد، یا باکس یا لیبل پر دی گئی ہدایات کے مطابق، FDA سے منظور شدہ اینٹی لائس ٹریٹمنٹ کے ذریعے دوسری بار اپنے بچے کے سر پر صفائی کا عمل انجام دیں۔** بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے اسکول میں جوؤں کے خاتمے کا مکمل کردہ تصدیقی فارم واپس کریں۔ اپنے بچے کے بالوں کو کسی بھی قسم کے شیمپو سے نہ دھوئیں، بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔	اپنے بچے کے بالوں کو دھونے کے لیے معمول کا شیمپو استعمال کریں۔ بچے کے پورے بالوں میں لیکھوں والی کنگھی کے ساتھ کنگھی کریں۔ اگر ان تمام مراحل پر عمل کرنے کے بعد بھی آپ کو چلتی جوئیں یا جوؤں کے انڈے نظر آئیں، تو آپ کو اپنے نگہداشتِ صحت کے فراہم کار سے رابطہ کرنا ہو گا۔

نظرثانی: نومبر 2022